# سورہ ابراھیم: ایک مختصر تعارف




محمد عبدالحفیظ اسلامی

خلاصہ کلام یہ کہ اگر دنیا کا کوء بھی آدمی دل کی گہرائیوں اور تدبر و تفکر کی نظر سے سورہ مذکور کا مطالعہ کرے گا تو اسے معلوم ہوگا کہ اللہ تعالی اپنے انبیاء کو صرف اس لیے بھیجتا ہیکہ اسکے بندے گمراہی سے کنارہ کش ہو کر اللہ کی بندگی کیلیے آمادہ و تیار ہو جائیں تا کہ صراط مستقیم کی راہ پر گامزن رہ کر دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جائیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی مقصد سے آخری نبی و انبیاء علیھم السلام کے سلسلہ کو ختم فرمانے والی کٹری کے طور پر مبعوث فرمائے گئے ہیں اب جو بھی آپکی لاء ہوء دعوت کو قبول نہیں کرے گا۔۔۔وہ بھی اسی طرح نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہو جائے گا جس طرح پہلے کے گزرے ہوے نافرمان لوگوں نے اپنے زمانے کے انبیاء کو جھٹلا کر اور نافرمانی کر کے انجام بد کو پہنچ چکے لہذا ہوشیار و خبردار ہو جاو!!!۔

52 آیات اور 7 رکوع پر مشتمل یہ سورہ؛ توحید رسالت آخرت اور شکر و بندگی کی دلنشیں تعلیم سے لبریز یہ مکی سورت، آیت 35 کے فقرے "وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا"...... سے ماخوذ ہے۔ اس نام کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس سورہ میں حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی سوانح عمری بیان ہوئی ہے۔ بلکہ یہ بھی اکثر سورتوں کے نام کی طرح علامت کے طور پر ہے۔ یعنی وہ سورہ جس میں ابراہیم کا ذکر آیا ہے۔ (یہ سورہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکی دور کے آخر میں نازل ہوئی جبکہ حالات انتہائی مشکل ترین تھے)

اس سورہ کا آغاز اس حقیقت کے بیان سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ صحیفہ رشد و ہدایت دے کر اس لئے مبعوث کیا گیا ہے کہ آپ لوگوں کو گھمبیر اندھیروں سے نکال کر ہدایت کی روشنی کی طرف لے آئیں تا کہ لوگ عزیز و حمید پروردگار کی راہ پر پورے یقین کے ساتھ گامزن ہو سکیں۔ اس کے معاً بعد یہ بتادیا کہ منکرین حق گونا گوں بیماریوں کا شکار ہیں۔ اُنھوں نے آخرت کی ابدی زندگی اور اس کی دائمی نعمتوں کو پس پشت ڈال دیا ہے اور فانی زندگی کی آسائشوں اور آرائشوں پر فریفتہ ہو گئے ہیں نیز خود بھی ضلالت میں سرگرداں ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی حق کو قبول کرنے سے روکتے ہیں مزید برآں اس دین حق کو اس غلط رنگ میں پیش کرتے ہیں کہ لوگوں کے دلوں میں اس کی رغبت ہی ختم ہو جائے۔ موسیٰ علیہ السلام کا اختصار سے ذکر کیا گیا کہ وہ تورات کو لے کر آئے تا کہ لوگوں کو شاہراہِ ہدایت پر گامزن کریں۔ آپ نے اپنی احسان فراموش قوم کو اپنے رب کریم کے بے پایاں انعامات کی یاد دلائی اور شکریہ ادا کرنے کی ترغیب دی۔ کفار کو تنبیہ کی کہ جو رویہ تم نے اختیار کر رکھا ہے، جو سلوک تم میرے رسول کے ساتھ کر رہے ہو اسی قسم کا سلوک تم سے پہلے کفار نے بھی اپنے اپنے انبیاء کے ساتھ کیا تھا، اُنھوں نے بڑی بے باکی اور ڈھٹائی سے اپنے رسولوں کو کہا تھا کہ بیشک تم دلائل کے انبار لگا دو، جس قسم کے معجزات چاہو ہمیں دکھاؤ ہم کسی قیمت پر ایمان نہیں لائیں گے۔ بلکہ ہم تمہیں یہاں سے جلاوطن کر دیں گے۔ اُنھوں نے بڑے گستاخانہ لہجے میں یہ بھی کہا



تھا کہ تم ہماری طرح بشر ہی تو ہو کفار نے اپنے نبیوں کی دعوت کو ناکام بنانے اور اپنے نبیوں کو زبردستی ملک بدر کرنے کے منصوبوں پر سنجیدگی سے غور کرنا شروع کر دیا لیکن اللہ تعالیٰ کے غضب نے انھیں مزید مہلت نہ دی۔ وہ تمام کے تمام ہلاک و برباد کر دیئے گئے۔ ان کے شاندار مکانات، حویلیاں، اللہ تعالیٰ کے اُن بندوں سے آباد ہو گئیں جنھیں وہ حقیر اور کمزور سمجھا کرتے تھے۔ محشر کو پیش آنے والے واقعات کا نقشہ اس تفصیل اور اثر انگیز انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ اگر کسی میں حق پذیری کی ادنیٰ سی صلاحیت بھی ہو تو وہ غور کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ روز محشر منکرین کی جو حالت ہوگی وہ حواس باختہ پریشان حال سر اُٹھائے ہوئے اِدھر اُدھر بھاگ رہے ہوں گے۔ پیپ کا پانی انھیں پینے کیلئے ملے گا۔ ہر طرف سے موت انھیں اپنے نرغہ میں لیتے ہوئے محسوس ہوگی لیکن وہ مریں گے نہیں۔ اس روز قوم کے روسا اور انکے فرمانبرداروں میں جو کڑوا کسیلا مکالمہ ہوگا اس کو بھی بیان کر دیا تا کہ لوگ ابھی سے محاسبہ کر لیں اور کسی ایسے شخص کی فرمانبرداری اور اطاعت گزاری شروع نہ کر دیں، جو روز قیامت ان کیلئے حسرت و ندامت کا باعث ہو۔ اس کے ساتھ ہی شیطان جس کی ساری عمر وہ فرمانبرداری کرتے رہے اور وہ انھیں طرح طرح کی لالچ دیتا رہا۔ اس روز جب تمام اسرار آشکار ہوں گے تو شیطان ان لوگوں کی جو عمر بھر اس کے اشارہ؟ آبرو پر اپنی متاع ہوش و خرد کو نثار کرتے رہے، جو حوصلہ شکن جواب دے گا وہ بھی اپنے اندر ہزاروں عبرتوں کے سامان رکھتا ہے۔ وہ صاف صاف انھیں کہہ دے گا جو وعدے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے ساتھ کئے وہ اس نے پورے کر دیئے لیکن جو وعدہ میں نے تمہارے ساتھ کیا میں اس کو پورا نہیں کر سکتا۔ مجھے ملامت کرنے کا تمہیں کوئی حق نہیں۔ میں نے تو تمہیں گمراہ کرنا تھا، گمراہ کر لیا۔ یہ تمہارا کام تھا کہ اپنی عقل و خرد سے کام لیتے، اللہ تعالیٰ کے نبی کے بتائے ہوئے راستے پر گامزن رہتے۔ اب اپنی نادانی کی سزا بھگتو اور اپنے آپ کو کوسو، اس کے بعد (اس سورہ) میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالات کا تذکرہ ہے۔ ان کی پیاری پیاری دعائیں ہیں جو اُنھوں نے بڑے خلوص و نیاز سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عظمت میں پیش کیں۔ کعبہ کے شہر کیلئے اس شہر کے مکینوں کیلئے اپنی اولاد کی ہدایت اور رزق حلال کیلئے التجائیں کیں۔ ساتھ ہی عرض کیا کہ الٰہی اس لق و دق صحرا اور اس بے آب و گیاہ بیاباں میں تیرے گھر کے پڑوس میں، میں نے اپنی اولاد کو اسلئے بسایا ہے کہ وہ تیری عبادت کرتے رہیں۔ الٰہی لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت اور لگن پیدا کر دے تا کہ وہ ان کے پاس کھچ کھچ کر چلے آئیں۔ یہ وادی جہاں سرسبز و شادابی کا دور دور تک نشان نہیں، اس وادی میں رہنے والوں کو کھانے کیلئے تازہ پھل عطا فرما۔

سورت کے اختتام پر قیامت کے روز کفار کی حالت زار کا نقشہ کھینچ کر لوگوں کو تنبیہ کر دی گئی کہ اگر تم اس روز اس عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو جو پیغام دے کر سارے انسانوں کو خبردار کر دیا جا رہا ہے اس سے نصیحت حاصل کرو، عقلمندی سے کام لو اور ہوش میں آ جاؤ۔

خلاصہ کلام یہ کہ اگر دنیا کا کوء بھی آدمی دل کی گہرائیوں اور تدبر و تفکر کی نظر سے سورہ مذکور کا مطالعہ کرے گا تو اسے معلوم ہوگا کہ اللہ تعالی اپنے انبیاء کو صرف اس لیے بھیجتا ہیکہ اسکے بندے گمراہی سے کنارہ کش ہو کر اللہ کی بندگی کیلیے آمادہ و تیار ہو جائیں تا کہ صراط مستقیم کی راہ پر گامزن رہ کر دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جائیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی مقصد سے آخری نبی و انبیاء علیھم السلام کے سلسلہ کو ختم فرمانے والی کٹری کے طور پر مبعوث فرمائے گئے ہیں اب جو بھی آپکی لاء ہوء دعوت کو قبول نہیں کرے گا۔۔۔وہ بھی اسی طرح نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہو جائے گا جس طرح پہلے کے گزرے ہوے نافرمان لوگوں نے اپنے زمانے کے انبیاء کو جھٹلا کر اور نافرمانی کر کے انجام بد کو پہنچ چکے لہذا ہوشیار و خبردار ہو جاو!!!۔

شیطان جو انسان کا کھلا دشمن ہے لیکن انسان انبیاء کی ناقدری اور اپنی نادانی، حماقت و جہالت کے طفیل اس کھلے دشمن کو اپنا رفیق و دوست بنالیتا ہے، یہی جھوٹا و مکار دوست (شیطان) کل روز قیامت اپنے ہاتھ اٹھا لے گا یعنی اللہ تعالی کے آگے دم نہ مار سکے گا اور نہ اپنے پیروؤں کی مدد کر سکے گا۔۔۔۔۔۔، بتانا مقصود یہ ہیے کہ جو لوگ اللہ کے احکامات بزریعہ انبیاء جو پہنچاے جاتے ہیں اسے فراموش کر کے کل روز قیامت اپنے آپکو بے یار و مددگار خالی ہاتھ پائیں گے۔


پھر سورہ کے اختتام پر منکرین حق، کفار و مشرکین کی تصویر سامنے رکھتے ہوے بتلادیا گیا کہ لوگو تم اپنے آپ کو ان مشکل و ناقابل برداشت حالت {جہنم} سے بچنا چہاتے ہو تو "حق و اہل حق کی "مخالفت چھوڑ دو۔ لہذا سارے انسانوں کے لیے یہ قرآن مجید اب بھی وہی تعلیم پیش کر رہا ہے جو تمام انبیاء علیہ السلام پیش فرما چکے ہیں، اور اللہ کے آخری نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے بھی آخری پیغام قرآن کی کی شکل میں قیامت تلک کے لیے بھیجا گیا ہیاب اس کے ذریعہ سے خبردار ہو جاؤ کہ حقیقت میں خدا بس ایک ہی ہے، اسکے سوائے کوئیمعبود یکتا نہیں ہے! عقل سے کام لو اسلام کی دعوت سے عداوت، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین و مخالفت چھوڑ دو اور اللہ کے سچے بندے بن جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔!!!

(مستفاد کتب تفسیر)

فون نمبر: 9849099228

## حدیث نبوی ﷺ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
اچھی بات کہنا صدقہ ہے۔
(بخاری، کتاب الادب، راوی ابوہریرہؓ)



لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ
لوھیانامہ
URDU DAILY LOHIA NAMA LUCKNOW

## یہ سال تو گزر گیا، اگلا سال تو اچھا سال رہے

گزرے سال میں ہر سال کی طرح بہت سی چیزیں ایسی ہوئیں جن سے کچھ امیدیں بندھی اور کچھ چیزیں ایسی ہوئیں جن کو لے کر ایک بڑا طبقہ مایوس ہوا۔ جہاں لوک سبھا کے نتائج، پرینکا کا وائناڈ سے منتخب ہونا، ونیش پھوگاٹ کا سیاست میں داخلہ، شطرنج میں گوکیش کی شاندار کامیابی نے جہاں ایک طبقہ کی امیدوں کو جگایا، وہیں ہندوستان کے سابق چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کے گھر پر وزیر اعظم کی تصاویر اور ان کا یہ کہنا کہ بابری مسجد تنازعہ کے فیصلہ میں ان کی رہنمائی 'بھگوان نے کی'، ڈونالڈ ٹرمپ کا دوبارہ امریکی صدر بننا، بنگلہ دیش کے سیاسی حالات، ایرانی صدر ابراہیم رئیسی، حسن نصر اللہ، کارپوریٹ گھرانے کے مالک رتن ٹاٹا، طبلہ نواز استاد ذاکر حسین اور سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کے سانحۂ ارتحال نے دنیا کے ایک بڑے طبقہ کو مایوس کیا۔ سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کی آخری رسومات کو لے کر جو تنازعہ ہوا اس سے تو زیادہ تر لوگ واقف ہی ہیں لیکن خراج عقیدت کے طور پر ان کے تعلق سے جو کچھ کہا اور لکھا گیا اس نے ان کے قد اور شخصیت کو وہاں پہنچا دیا جہاں ہندوستان کے چند سیاستدانوں کو چھوڑ کر کوئی اور نہیں پہنچ پایا۔ جہاں دانشوروں اور مبصرین نے ان کی شخصیت کے ہر پہلو کو اجاگر کیا وہیں سب نے ایک بات پر اتفاق کیا کہ ان کے تعلق سے کوئی کچھ بھی کہے لیکن وہ نہایت دیانتدار اور سادگی پسند انسان تھے۔ اس پورے معاملے میں، اگر کسی طبقے نے مکمل خاموشی اختیار کی ہے تو وہ ہماری فلمی شخصیات ہیں، سوائے ابھرتے ہوئے گلوکار دلجیت کے۔ وہ فلمی ستارے، جو آج کامیاب اداکار سمجھے جاتے ہیں، اپنی کامیابی کا سہرا عام ہندوستانیوں کو دیتے ہیں، جنہوں نے ان کی فلموں کو دیکھا اور سراہا لیکن ان اداکاروں پر ایسی خاموشی طاری ہے گویا انہیں سانپ سونگھ گیا ہو۔ لگتا ہے کہ اگر انہوں نے کچھ کہا تو ان کی زندگی کسی عذاب میں گرفتار ہو جائے گی۔ جیسے اگر انہوں نے منموہن سنگھ کے بارے میں کوئی بات کہی تو ان پر پہاڑ ٹوٹ پڑے گا۔ کیا یہ لوگ ہندوستان کا حصہ نہیں ہیں؟ کیا ان کا کردار صرف روبوٹ کی طرح عوام کو تفریح فراہم کرنے تک محدود ہے؟ ان کی خاموشی کئی سوالات کو جنم دیتی ہے اور یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ کیا یہ شخصیات اپنے سماجی اور اخلاقی فرائض سے غافل ہو چکی ہیں؟ منموہن سنگھ صرف ایک پارٹی کے رکن، وزیر یا وزیر اعظم نہیں تھے بلکہ وہ ایک شخصیت کے مالک تھے جنہوں نے ملک کی معیشت کو صحیح سمت کی طرف موڑنے میں اہم کردار ادا کیا اور جس کا لوہا دنیا کے کئی سربراہوں نے مانا۔ وہ لوگ بھی جو منموہن سنگھ کے سخت مخالف تھے، یا جن کے سخت مخالف خود منموہن سنگھ تھے، نہ صرف ان کی شخصیت بلکہ ان کی دیانتداری کی بھی دل کھول کر تعریف کرتے رہے۔ فلمی اداکار اور اداکارائیں اس پورے معاملے میں اس طرح خاموش رہے جیسے ان کے کسی بات یا رائے دینے سے ان کا سماج میں حقہ پانی بند ہو جائے گا۔ اگر وہ سماج کا حصہ ہیں تو انہیں بغیر کسی جھجک یا خوف کے اپنی رائے ظاہر کرنی چاہیے۔ عوام یہ جاننا چاہتے ہیں کہ ان کے ہیرو اور ہیروئن کی سوچ کیا ہے لیکن یہ فلمی ستارے اس خوف کے زیر اثر ہیں کہ کہیں ان کی رائے ان کی اگلی فلم کی کامیابی کو متاثر نہ کر دے۔ عوام فلمیں صرف ان کی رائے کی بنیاد پر نہیں دیکھتے بلکہ کہانی اور ان کے ادا کیے گئے کرداروں کے لیے دیکھتے ہیں۔ اس کے باوجود، ان اداکاروں کا یہ رویہ مایوس کن ہے۔

# ماں باپ کے لئے 100 سنہرے اصول بضمن تربیت اولاد



ڈاکٹر سید آصف عمری

اللہ تعالیٰ کی عبادت اور بندگی کے بعد بندوں میں ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنے اور ان کی خدمت کرنے کی تاکید کی گئی۔ اولاد والدین کے لئے قدرت کا انمول تحفہ ہے۔ اس تحفہ کی قدر کریں اور یہ آپ کے پاس بطور امانت بھی ہے ان کو نیک بنانے اور ان کی فطرت و شریعت کے مطابق تعلیم و تربیت کرنے کی پرورش تو جانور بھی کرتے ہیں کمال یہ ہے کہ ان کی صحیح اسلامی اصولوں پر تربیت کی جائے ماں باپ کے لئے یہ جہاد سے کم نہیں۔ دور حاضر میں والدین کی لاپرواہی غفلت اور عدم دلچسپی کی وجہ سے بچے مغربی کلچر اور بے دینی طرز معاشرت سے تباہ و برباد ہو رہے ہیں۔ بچپن سے ان کی تربیت اور کردار سازی نہ کی گئی تو یہ بڑے ہو کر باغی، نافرمان اور قوم و ملت کے لئے مصیبت اور پریشانی کا باعث بنیں گے۔ بہت بڑی ذمہ داری ہے ماں باپ پر اولاد کو نیک بنانے کی، اگر آپ ان کو اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک اور مرنے کے بعد ایصال ثواب کا ذریعہ بنانا چاہتے ہیں تو مندرجہ اسلامی اصول کو سختی کے ساتھ اپنائیں اور اپنا فرض ادا کریں۔

(۱) ماں کی گود بچہ کی پہلی درسگاہ ہے لہٰذا دیندار تعلیم یافتہ بااخلاق لڑکی کو بہو بنائیں تا کہ ان سے ہونے والی اولاد نیک اور صالح ہو یہ بنیادی اصول ہے۔ (۲) بچوں کی ابتدائی تعلیم کے لئے ایسے اسکولس کا انتخاب کریں جہاں دینی تعلیم و تربیت کا نظم ہو اور وہ غیر اسلامی طریقہ تعلیم سے بھٹکنے نہ پائے۔ (۳) ماں بچوں کو شب و روز کی ضروری دعائیں یاد کرائیں اور صبح و شام سونے جاگنے، کھانے پینے اور دیگر اسلامی دعاؤں کے ساتھ اسلامی آداب و اخلاق سکھائیں یہ گھر میں ہی ہونی چاہئے۔ (۴) بچوں کو کلمہ طیبہ لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا معنی مفہوم اور اس کے شرائط بتائیں۔ (۵) بچوں کو پیدا کئے جانے کا مقصد بتائیں اور اللہ تعالیٰ کا تعارف ذہن نشین کر دیں۔ (۶) بچوں کو جہنم کی آگ اور عذاب قبر کے متعلق کم خبر دیں تا کہ ان کے ذہنوں میں اللہ تعالیٰ کے متعلق یہ تصور پیدا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے پاس صرف عذاب ہے۔ (۷) بچوں کے دلوں میں اللہ کی محبت پیدا کریں اور جنت کی نعمتوں اور جہنم کے عذاب سے بھی واقف کروائیں۔ (۸) بچوں کو تنہائی اور اکیلے پن میں غلط اور برا کام کرنے سے ڈرائیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ ہر حال میں اور ہر جگہ ہمیں دیکھ رہا ہے۔ (۹) بچوں کو بسم اللہ، سبحان اللہ، اللہ اکبر، ماشاء اللہ، جزاک اللہ کب کہیں بتائیں اور ان کلمات کی وضاحت کریں۔ (۱۰) بچوں کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور آپ کی سیرت طیبہ سے واقف کریں اور روزانہ سیرت رسول سے متعلق کتابوں کا مطالعہ کا ذوق پیدا کریں۔ (۱۱) بچوں کو ایمان کی حقیقت اس کی روح اور اس کے ارکان سمجھائیں خاص طور سے ایمان بالقدر اچھی اور بری تقدیر کیا ہے بتائیں۔ (۱۲) بچوں کو بچپن سے ہی اصول ثلاثہ اور قواعد اربعہ کو خوب ذہن نشین کر دیں۔ (۱۳) بچوں کو توحید کا معنی مفہوم اس کے اقسام، اسکی ضد اور نواقض اسلام کی تفصیلات بھی اچھی طرح سمجھائیں۔ (۱۴) بچوں کو شرک اور اس کے خطرات سے آگاہ کریں جس طرح حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی تھی۔ (۱۵) کافر، مشرک، منافق کا قیامت کے دن کیا حشر ہوگا اس بارے میں علماء کرام اور مستند کتابوں کے حوالے سے سمجھائیں (۱۶) بچوں کو اسلام کے پانچ ارکان کی خوب تعلیم دیں تا کہ وہ اپنی جوانی اور بڑھاپے میں بھی اس کا پابند رہ سکے۔ (۱۷) والدین خود نماز کے پابند بنیں، باپ بچے کو مسجد کے آداب سکھائے اور ساتھ لے کر مسجد جائے۔ وضو، نماز کا طریقہ بتائے۔ (۱۸) بچوں کو بڑوں کا ادب و احترام اور چھوٹوں پر نرمی و شفقت کی تعلیم دیں۔ (۲۰) بچوں کو کاہل نہ بنائیں اور ان کی ہمت و طاقت سے زیادہ بوجھ بھی نہ ڈالیں۔ بار بار ڈرانا ڈانٹ ڈپٹ کرنا بھی اچھا نہیں اور ان کی تربیت و اصلاح سے غافل اور لاپرواہ ہونا بھی اچھا نہیں۔ (۲۱) بچوں کو قرآن مجید اور حدیث رسول یاد کرنے، حفظ کرنے کی ترغیب دیجئے اور اس پر انعام بھی رکھئے۔ (۲۲) بچوں کے سامنے صدقہ خیرات خود کیجئے اور انہیں بھی خیرات و انفاق کے لئے پیسہ بھی دیں اور انفاق پر ابھاریئے۔ (۲۳) نیکی کرنے اور نماز پڑھنے میں کاہلی سستی سے کام نہ لیجئے کیوں کہ آپ اپنے بچوں کے لئے آئینہ ہوتے ہیں، لہٰذا آپ کا ہر قول و فعل آپ کی عادتیں آپ کی اولاد میں منتقل ہوتے ہیں۔ (۲۴) بچوں سے غلطی ہونے کی صورت میں فوری ایکشن مت لیجئے بلکہ موقع محل دیکھ کر اچھے انداز سے سمجھائیں اور مناسب سزا دیجئے۔ (۲۵) بچوں کے سامنے ہمیشہ سچ بولئے۔ جھوٹ سے بچئے ورنہ وہ بھی جھوٹ کے عادی ہو جائیں گے۔ (۲۶) سچائی، امانت داری، شرم و حیا کی تعلیم دیجئے اور سچے واقعات پیش کریں۔ (۲۷) بچوں کے سامنے صبر و شکر کی اہمیت فضیلت بیان کریں۔ (۲۸) ان کو رمضان کے روزوں کے علاوہ جمعرات اور پیر اور چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ میں ایام بیض کے روزے بھی رکھوائیں۔ (۲۹) ایک سے زیادہ اولاد ہو تو ان کے درمیان عدل و انصاف سے کام لیں۔ (۳۰) بچوں کو دوسروں کے ساتھ ہمدردی، انسانیت، احترام، ایثار و قربانی کی تعلیم دیجئے۔ (۳۱) بچوں کو بڑوں کی محفلوں اور دینی مجالس میں شرکت کی اجازت دیجئے تا کہ وہ ادب سیکھ سکیں۔ (۳۲) اپنی اولاد کو چوری، جھوٹ، غیبت کے برے کام کے انجام سے باخبر کیجئے اور قرآن و سنت سے اس کے نقصانات بتایئے۔ (۳۳) اپنی اولاد کے ساتھ نرمی، شفقت، پیار کے ساتھ پیش آیئے سخت دلی سے خود بھی پرہیز کیجئے۔ (۳۴) اپنی اولاد کو تقوی و اخلاص کی تعلیم اور اس کے فضائل و برکات بتایئے۔ (۳۵) اپنی اولاد کے اندر سخاوت انفاق اور فیاضی کی عادت ڈالئے اور یہ عادتیں اپنے گھر سے شروع کیجئے۔ (۳۶) بچوں سے کئے ہوئے وعدے پورے کیجئے ورنہ وہ بھی وعدہ خلافی کرنے لگیں گے۔ (۳۷) بچوں کے ساتھ رشتہ و ناطہ کی اہمیت بتایئے اور قطع رحمی کی سزا سنایئے۔ (۳۸) خود گالی گلوج ظلم و ناانصافی سے بچیں تو بچے بھی بری عادتوں سے بچیں گے۔ (۳۹) بچوں کو ناچ گانے بجانے موسیقی اور فلمی دنیا سے دور رکھئے تا کہ وہ گناہوں سے محفوظ رہ سکیں۔ (۴۰) بچوں کو سلام کرنے جواب دینے کا عادی بنایئے۔ (۴۱) بچوں کے سامنے شرم و حیا لباس اور ستر پوشی کے آداب بتایئے۔ (۴۲) بچوں کو پڑوسیوں کے حقوق پر ابھاریئے اور انہیں تکلیف دینے سے روکئے۔ (۴۳) بچوں کو والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے اور صلہ رحمی کی تعلیم دیجئے۔ (۴۴) بچوں کے دلوں میں معاشرے اور سوسائٹی میں رہنے کے اصول و آداب اخلاق و آداب سکھائیں اور دوسروں کو تکلیف دینے سے بچیں۔ مظلوموں اور پریشان حال لوگوں کی مدد کرنا سکھائیں۔ (۴۵) بچوں کو روزانہ ایک بند لفافہ پیش کریں جس میں کوئی اچھی نصیحت اور پیغام ہو۔ (۴۶) روزانہ ایک آدھا گھنٹہ بچوں کے ساتھ مل کر بیٹھیں اور سیرت رسول پر کوئی ایک واقعہ بھی سنائیں۔ کوئی ایک کتاب سیرت طیبہ کی ہمارے رسول، رسول رحمت ان کو پڑھوایئے اور خود سنئے پھر خلاصہ پیش کریں۔ (۴۷) بچوں کو ہمیشہ نصیحت کیجئے اگر سزا دینے کی ضرورت ہو تو لوگوں کے سامنے نہ دیں تنہائی میں نصیحت اور ڈانٹ ڈپٹ کیجئے۔ (۴۸) بچوں کو ہمیشہ ڈانٹنے، ڈپٹنے کے بجائے پیار محبت سے بلایئے۔ (۴۹) بچوں کو ایک دوسرے کے کمرے میں آنے جانے کی اجازت لینا سکھایئے۔ (۵۰) کھانے پینے سے پہلے بلند آواز سے بسم اللہ بولئے تا کہ وہ بھی عادی ہو سکے۔ (۵۱) بچوں کی غلطیوں پر کبھی کبھی خاموشی بھی اختیار کیجئے اور کبھی اصلاح یا روک ٹوک کریں۔ خود بھی ایسی غلطی نہ کیجئے جو آپ بچوں کو نصیحت کر رہے ہو۔ (۵۲) بچوں کی اچھی کارکردگی پر ان کی تعریف کیجئے اور انعام دیجئے۔ (۵۳) بچوں کی باتوں کا کبھی بھی مذاق مت بنایئے اور ان کو حقارت سے بھی مت دیکھئے۔ (۵۴) خوشی کے موقع پر ایک دوسرے کو اسلامی طریقہ سے مبارک بادی اور تہنیت سکھایئے۔ ماشاء اللہ، بارک اللہ فیکم۔ حیاکم اللہ۔ (۵۵) بچوں کو کھیل کود، چہل قدمی، ورزش کے مواقع فراہم کیجئے تا کہ وہ ہمیشہ چاق و چوبند اور صحت مند رہے۔ (۵۶) ایسے کھیل اور فن و کرتب سکھایئے جس سے ان کی صلاحیتیں پروان چڑھے اور ایسے کھیل ہرگز نہ کھیلنے دیں جو ناجائز حرام اور وقت و مال کا ضیاع ہے۔ (۵۷) بچوں سے خود ان کے 24 گھنٹے کا شیڈول ترتیب دیجئے اور پھر اسے نافذ کرنے کی کوشش کیجئے۔ (۵۸) بچوں کے لئے مناسب مواضع، صحت بخش غذا فراہم کریں البتہ فضول خرچی اور اسراف سے بچایئے۔ (۵۹) بچوں کو ہمیشہ سنانا، ڈانٹنا، روکنا، ٹوکنا کم کر کے بچوں کی سنئے اور ان کے اچھے کارناموں پر مبارکباد دیجئے۔ (۶۰) جھوٹی قسم نہ خود کھایئے اور نہ بچوں کو جھوٹ بولنے ہمیشہ اللہ کا ڈر ان کے دلوں میں بٹھایئے۔ (۶۱) بچوں کو پکارتے اور بلاتے وقت نامناسب کلمات اور ان کے ناموں کو بگاڑ کر نہ بولئے۔ (۶۲) بار بار سوالات کرنے پر بچوں کو مت ڈانٹیں اور ناراض ہونے کے بجائے ان کے سوالات اطمینان سے سنئے ورنہ ان کے اندر آپ کے خلاف مزاج بن جائے گا۔ (۶۳) بچوں کو حفظ قرآن اور حفظ حدیث کے مسابقوں میں حصہ لینے دیجئے اور اس کے لئے انہیں ترغیب دلایئے۔ (۶۴) بچوں کو مہمان نوازیں کے آداب اور فضیلت بتایئے۔ (۶۵) اچھے اور کامیاب والدین اپنی اواد سے نفرت نہیں کرتے نہ ان کی بدخواہی کرتے ہیں اور نہ ان کے لئے بددعا کرتے ہیں بلکہ اعلیٰ اخلاق اور دینی پاکیزگی کی دعا کرتے ہیں کیوں کہ نیک اولاد والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہوتی ہیں۔ (الفرقان ۷۴) (۶۶) والدین اپنی اولاد کی جسمانی و مادی ضرورتوں کے ساتھ ساتھ ان کی دینی و روحانی تربیت کی بھی فکر کریں اور اس کے لئے اچھا ماحول دیں۔ (۶۷) اولاد کو مغربی کلچر کی ہلاکتوں اور نقصانات سے آگاہ کریں اور غیر اسلامی عقائد سے دور رکھیں نیز ان کی اصلاح و تربیت میں عقیدہ و عمل کو اولین ترجیح دیں۔ (۶۸) والدین آپس میں جھگڑا، گالی گلوج اور بدتمیزی سے پیش نہ آئیں بلکہ ایک دوسرے کو ادب و احترام عزت و تکریم سے پیش آئیں اور آپسی تعلقات خوشگوار رکھیں۔ (۶۹) بچوں کی نفسیات مزاج عادات و اطوار پر گہری نگاہ رکھیں اور چھوٹے بڑوں کے حقوق بتاتے رہیں۔ (۷۰) خصوصا بچیوں کو بچپن سے ہی حیا اور شرم کی اہمیت بتائیں۔ گفتگو وضع قطع اور لباس کے معاملہ میں اسلامی آداب ملحوظ رکھیں۔ (۷۱) آج تعلیمی ادارے اسکولس و کالجس تجارت گاہ بن گئے جبکہ انہیں درسگاہ تربیت گاہ ہونا چاہئے۔ لہٰذا والدین اسکول کے انتخاب میں چوکنا رہیں۔ (۷۲) بچوں کو مساجد مدارس کے رفاہی کام اور محلہ و بستی میں معذوروں کی مدد اور خدمت کی ترغیب دلائیں اس کو معمولی نہ سمجھیں۔ (۷۳) بچوں کے سامنے والدین کی خدمت کیجئے تا کہ وہ بھی بڑے ہو کر اپنے والدین کی خدمت کر سکیں۔ (۷۴) بچوں کے خرید و فروخت کے آداب سکھائیں۔ حلال روزی کی ترغیب دیجئے۔ سود رشوت اور حرام و ناجائز طریقے سے حاصل ہونے والی آمدنی کے اُخروی انجام سے خبردار کیجئے۔ (۷۵) اپنی اولاد کو دینی فرائض کی تلقین کریں۔ نیک اولاد کے لئے دعائیں کریں۔ بچوں کو نماز کی پابندی، دل میں اللہ کا خوف، جنت کی ترغیب اور جہنم کا ڈر، صبح شام کے اذکار کا عادی بنائیں۔ (۷۶) بچوں کے دلوں میں اللہ کی محبت، رسول اللہ سے محبت، اہل بیت سے محبت اور تمام مسلمانوں سے محبت سکھایئے۔ بے مقصد، بے کار گفتگو اور کھیل تماشے جو اللہ کے ذکر اور عبادت سے غافل کر دے دور رکھیں۔ (۷۷) بچوں کو ایماندار، دیانت داری، شکر گزاری، سمجھداری، علماء سے میل ملاقات، سلام کی اہمیت، وقت کی اہمیت، گاڑی چلانے کے اصول، رشتہ داروں، دوستوں کے حقوق بتلایئے۔ (۷۸) بچوں کو چھوڑ جانے کی دھمکی ہرگز نہ دیں۔ ہرگز ایک فریق کو سن کر فیصلہ نہ کیجئے۔ چھوٹے بچوں کو بالکل تنہا نہ چھوڑیئے۔ (۷۹) خطرات و نقصانات کو بھانپ کر فوری کارروائی کیجئے۔ بچوں کو سنت کے مطابق لباس پہنایئے۔ دوسری قوموں کی مشابہت خود بھی نہ کریں۔ بچے بچیوں کے الگ لگ بستر اور الگ الگ لباس ہونے چاہئے۔ (۸۰) اپنی اولاد کو سنت کی نیت سے بوسہ دیجئے۔ بچے کے لئے بہتر اخلاق سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔ سادہ زندگی گزارنے کے عادی بنایئے۔ (۸۱) زیادہ لاڈ و پیار سے بچے خراب ہو جاتے ہیں۔ سختی کی جگہ سختی اور نرمی کی جگہ نرمی کیجئے۔ رزق حرام سے بیوی بچوں کے ایمان و اخلاق متاثر ہوتے ہیں۔ (۸۲) بچوں کو سوشل میڈیا کے نقصانات و خطرات سے بھی واقف کرایئے اور اس کے صحیح استعمال پر زور دیجئے۔ (۸۳) بچے کی صحیح نشو و نما اور ترقی کے لئے مطالعہ کتب کا شوق پیدا کریں۔ بچوں کو جنسی تشدد سے بچایئے۔ بچوں پر کڑی نگاہ رکھئے۔ خلاف شریعت کاموں اور خلاف سنت شادیوں کا بائیکاٹ کریں۔ (۸۴) دور حاضر کے فتنوں سے خود باخبر ہیں اور اپنی اولاد کو بھی خبردار کریں۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں فتنہ دجال، فتنہ بے حجابی، فتنہ ارتداد، خوارج کا فتنہ، مال و دولت کا فتنہ وغیرہ۔ انہیں علماء حق کے بیانات سنائیں اور دین و ایمان کے تحفظ کی فکر کریں۔ (۸۵) بچوں میں جلد سونے اور جلد اٹھنے کے عادی بنائیں کیوں کہ یہ سنت ہے اور اس میں خیر و برکت ہے۔ رات دیر گئے تک جاگنے سے صحت خراب ہوگی اور اللہ کے قانون کی خلاف ورزی ہوگی۔ (۸۶) بچوں کو صرف انگلش کے بجائے اردو، عربی بھی سکھائیں۔ (۸۷) تیمارداری، بیمار پرستی کی عادت ڈالیں۔ پریشان حال لوگوں کی مدد کریں۔ قبرستان جائیں اور عبرت حاصل کریں۔ موت کی یاد آئے گی، موت کے بعد کی زندگی یعنی آخرت سے متعلق معلومات دیں۔ قبر حشر سوال جواب، میدان حشر کے حالات، پل صراط، میزان وغیرہ کے بارے میں قرآن و حدیث کا علم دیں۔ (۸۸) بچوں کو گھروں میں پھر عام لوگوں میں تقریر کرنے کی تربت دیں۔ انہیں روز مرہ کے کاموں کا نظام الاوقات بتائیں۔ ڈائری رکھنے کا عادی بنائیں۔ وہ اچھے مقرر کے ساتھ بہترین قلم کار بنیں۔ (۸۹) گھر میں بھی والدین آپس میں بات بات پر جھگڑا نہ کریں درگزر اور معاف کریں۔ میاں بیوی اگر ایک دوسرے سے عزت و احترام سے پیش آئیں گے غلطی پر نظر انداز اور خوبیوں کی تعریف کریں گے تو بہت جلد گھر کا ماحول اچھا ہوگا۔ (۹۰) بچوں کے مزاجوں کی مختلف قسمیں ہیں۔ نارمل بچے، بزدل بچے، تخیل پسند بچے، باغی بچے، ایذا پسند بچے، شرارت پسند بچے اور نیک شریف طبیعت بچے۔ سب کے ساتھ ان کی عادتوں کے لحاظ سے پیش آئیں۔ (۹۱) بچوں میں چوری، جھوٹ، حسد اور ضد کی عادت ہوتی ہے۔ یہ یا تو گھر میں والدین سے بچے سیکھتے ہیں یا اپنے رشتہ داروں سے، ساتھیوں سے اور پڑوسیوں سے۔ اس لئے اچھے ماحول میں رکھ کر ان کی تربیت کریں اور نیک صحبت کے افراد سے دوستی کروائیں۔ (۹۲) بچوں کو بے راہ روی، غلط ماحول، بے دین محفلوں اور تقاریب سے دور رکھیں۔ لڑکیوں لڑکوں کے مخلوط ماحول سے بچائیں۔ ان کی بری حرکات پر کڑی نظر رکھ کر حکمت عملی سے علاج کریں۔ (۹۳) اپنی مصروفیت چھوڑ کر بچوں کے لئے وقت نکالیں کیوں کہ مصروف والدین بچوں کو بگاڑنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ماں کی عدم توجہی سے بچے کا دماغ متاثر ہوتا ہے۔ ماں سے محروم بچے بڑے ہو کر بھی احساس کمتری کا شکار ہتے ہیں۔ (۹۴) گھروں کے جھگڑے، بے دین ماحول، طلاق خلع سے بچوں میں بگاڑ اور عدم تحفظ کا مزاج بن جاتا ہے اور وہ اپنا مستقبل تاریک پاتے ہیں۔ (۹۵) سوتیلی اولاد کے ساتھ نیک سلوک کریں یہ اجر والا کام ہے۔ شوہر کی پہلی بیوی کی اولاد کو تکلیف دینا ظلم ہے۔ بیٹے نہیں بیٹیوں کی تربیت اور پرورش پر بڑی خوشخبری سنائی گئی۔ (۹۶) اولاد کو نیک بناؤ کیوں کہ نیک اولاد والدین کے لئے ایصال ثواب ہوگی۔ تربیت کے معاملہ میں سختی سے کام لے سکتے، لاپرواہی غفلت اور کاہلی کریں گے تو یہ اولاد بڑی ہو کر آپ کی باغی یا مخالف ہوگی۔ (۹۷) لڑکی لڑکا بالغ اور جوان ہو جائے تو تاخیر نہ کریں ان کا اسلامی طریقہ سے نکاح کر دیں، شادی سے پہلے ہی والدین ایک دوسرے کے حقوق اور ذمہ داریوں سے واقف کروائیں۔ (۹۸) کامیاب والدین وہ ہیں جو ان کی دنیا سے بڑھ کر آخرت کی فکر کرتے ہوں اور بچپن سے ان کی تعلیم تربیت اور کردار سازی کی فکر کرتے ہوں۔ (۹۹) آرام طلبی کی عادتیں نہ ڈالیں، اسلامی آداب شرعی احکام، دین کی بنیادی باتیں توحید رسالت آخرت، اصول ثلاثہ ضرور سکھائیں۔ (۱۰۰) والدین اپنی دعاؤں میں اس دعا کو ضرور شامل کریں۔ ربنا ھب لنا من ازواجنا و ذریاتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما۔ (الفرقان ۷۴)

موبائل نمبر: 9885650216

